ارمغانِ عرب | مُرتب: جناب عزیز احمد صاحب صدیقی ملنے کا پتہ: جے ۱۶/۱۴ ناظم آباد نمبر ۱، کراچی نمبر ۱۸۔

یہ کتاب شاہ اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور تصنیف تقویۃ الایمان کو سلیس زبان میں پیش کرنے کی ایک کوشش ہے۔ یہ سعی اپنی جگہ مبارک ہے لیکن "الفاتحہ" کے تحت مرتب نے جو اندازِ بیان اختیار کیا ہے اُس کے بعض حصّے طبیعت پر گراں گزرتے ہیں۔

نوں آہنگ | جناب نعیم صدیقی صاحب۔ شائع کردہ مکتبہ کارواں، کچہری روڈ، لاہور۔ قیمت چار روپے صفحات ۱۵۲۔

ستمبر ۱۹۶۵ء میں جب بھارت نے پاکستان کے خلاف جارحیت کا مظاہرہ کیا تو یہاں کے ہر فرد کے اندر ایک شدید ردعمل پیدا ہوا اور اُس نے مختلف انسانوں کو مختلف انداز سے سرگرم عمل کیا۔ لشکر نے ہتھیار سنبھال کر دشمن کی یلغار کو روکنے کی کوشش کی۔ شہریوں نے اپنی اپنی جگہ پر ملک کی محافظت کے انتظامات کیے۔ شعراء نے اپنے اشعار سے عوام کے اندر جوش اور ولولہ پیدا کیا۔ زیرِ تبصرہ کتاب پاک و ہند کے مشہور شاعر جناب نعیم صدیقی صاحب کے جوشِ جہاد کا شعری صورت میں اظہار ہے۔

یہ نظمیں ایک وقتی تاثر کے تحت موزوں ہوئی ہیں مگر نعیم کے آفاقی ذہن اور حساس دل نے انہیں آفاقی بنا دیا ہے۔ اور یہی اس مجموعۂ کلام کی سب سے نمایاں خصوصیت ہے شروع میں ڈاکٹر سید عبداللہ صاحب کا قابلِ قدر مقدمہ بھی درج ہے

اردو | دارۂ تحریر: جناب جمیل الدین عالی صاحب و جناب شفیق خواجہ صاحب۔
شائع کردہ: انجمن ترقی اردو، بابائے اردو روڈ، کراچی۔

یہ انجمن ترقی اردو کا مشہور سہ ماہی مجلّہ ہے۔ زیرِ تبصرہ شمارہ یعنی اپریل ۱۹۶۷ء اس کے